Urdu - اردو

نسلی مساوات کی ترویج کے لیے
موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات

محکمہ برائے سماجی بہبود

ضرورت کے حامل، ہانگ کانگ کے تمام رہائشی، اپنی قومیت یا نسل سے قطع نظر، تب تک سماجی بہبود کی خدمات سے مساویانہ طور پر لطف پاتے ہیں جب تک وہ اہلیتی معیار کو پورا کرتے ہیں۔

نسلی مساوات اور مختلف نسلوں کے افراد کے لئے سماجی فلاحی خدمات تک مساویہ رسائی کی فراہمی کو فروغ دینے کے سلسلہ میں محکمہ برائے سماجی بہبود (SWD) کی طرف سے کیے گئے / کیے جانے والے اقدامات کو ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔

A. اقدامات جو مختلف نسلوں کے افراد کو متعلقہ فلاحی خدمات تک مساوی رسائی کے قابل بناتے ہیں

متعلقہ خدمات

- SWD ان اقدامات کو بروئے کار لاتا ہے جو کہ مختلف نسلوں کے افراد کو اس قابل بناتے ہیں کہ وہ سماجی فلاحی خدمات تک مساویانہ رسائی سے لطف اندوز ہوں، اور مختلف نسلوں کے افراد کے ذاتی ڈیٹا کی حفاظت کرتے ہیں جو کہ فلاحی خدمات کا استعمال کرتے ہیں۔

موجودہ اقدامات

<u>مختلف نسلوں کے افراد سے متعلقہ شماریات اور معلومات سے رجوع</u>

- فلاحی خدمات کی منصوبہ بندی اور نفاذ کے لیے، SWD نے نسلی اقلیتوں سے متعلقہ شماریات اور معلومات سے رجوع کیا ہے جو کہ مختلف ذرائع بشمول محکمہ مردم شماری و شماریات، دیگر حکومتی محکموں اور غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) سے حاصل کی گئی ہیں، اور مختلف نسلوں کے افراد کی معاشرتی ضروریات کو بہتر طور پر سمجھنے کے لئے جنوری 2019 سے مختلف یونٹوں کی ترجمانی اور ترجمہ کی خدمات کے استعمال سے متعلقہ اعدادوشمار کو جمع کرنا شروع کیا ہے۔

<u>مختلف نسلوں کی زبانوں میں خدماتی کتابچے</u>

- کلیدی خدماتی کتابچوں کو چینی اور انگریزی کے علاوہ مختلف نسلوں[1] کی کم از کم آٹھ عمومی زبانوں میں ترجمہ کیا جاتا رہے گا۔ انہیں سروس یونٹس میں رکھا جاتا ہے اور / یا SWD کے ہوم پیج پر اپلوڈ کر دیا جاتا ہے تاکہ آسان رسائی ہو پائے اور ان سے رجوع کیا جا سکے۔

[1] مختلف نسلوں کی آٹھ عمومی زبانوں میں بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، تگالوگ، تھائی، اردو اور ویت نامی شامل ہیں۔

SWD کا ہوم پیج

- مختلف نسلوں، عامۃ الناس، SWD کے عملے اور NGOs کی سہولت کے لیے مختلف نسلوں کے افراد کی زبانوں میں متعلقہ خدمات کی معلومات تک آسان رسائی کے لیے SWD نے SWD کے ہوم پیج پر "مختلف نسلوں کے افراد کے لیے معلومات" کے نام سے ایک شارٹ کٹ آئیکن تیار کیا ہے۔

ترجمانی کی خدمات

- مختلف نسلوں کے افراد کے لیے فلاحی خدمات فراہم کرتے ہوئے، SWD ترجمانی کی خدمات کا انتظام کرے گا جیسا کہ موزوں ہو پایا۔ عملہ مختلف ذرائع سے مختلف نسلوں کے افراد کے لئے ترجمانی کی خدمات کا استعمال کر سکتا ہے، جیسا کہ عدالتی ترجمانی کی خدمات، ہسپتال اتھارٹی کی طرف سے فراہم کردہ ترجمانی کی خدمات، ہانگ کانگ کرسچن سروس کے تحت نسلی اقلیتی رہائشیوں کی ہم آہنگی اور ان کے فروغ کا مرکز (CHEER) جو کہ ہوم افیئرز ڈیپارٹمنٹ اور دیگر NGOs کی فنڈنگ کے ذریعے ترجمانی کی خدمات فراہم کرتا ہے۔

ویب-کیم کی سہولیات

- SWD نے ضرورت پڑنے پر سروس استعمال کنندگان، سماجی کارکنوں (بشمول NGOs کی طرف سے چلائے جانے والے ڈیپارٹمنٹل یونٹس اور انٹیگریٹڈ فیملی سروس سنٹرز / انٹیگریٹڈ سروسز سنٹرز) / سوشل سیکورٹی عملہ اور ترجمانوں کے درمیان سہ فریقی ویڈیو کانفرنسنگ کے لئے دس سروس یونٹوں میں ویب کیم سہولیات نصب کر دی ہیں۔

SWD ہاٹ لائن پر انکوائری کرنے والے مختلف النسل کالرز کے لیے فوری ٹیلیفون ترجمانی سروس تک رسائی

- مختلف نسلوں کے کالرز کو ٹیلیفون ترجمانی سروس تک فوری رسائی فراہم کے لیے مختلف نسلوں کے افراد کی آٹھ عمومی زبانوں میں SWD ہاٹ لائن <2343 2255> مہیا کی گئی ہے تاکہ فلاحی خدمات کے استفسار پر انہیں سہولت مل پائے۔

نسلی اقلیتوں کے لیے سماجی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے یاد رکھنے کے نکات

- SWD نے سماجی کارکنوں / سوشل سیکورٹی کے عملہ، انٹیگریٹڈ فیملی سروس سنٹرز / انٹیگریٹڈ سروسز سنٹرز اور NGOs کی طرف سے نوجوان افراد کے لیے دی جانے والی خدمات کے حوالے سے "نسلی اقلیتوں کے لیے فلاحی خدمات فراہم کرنے کے لیے قابل غور نکات" کا اجراء کیا ہے تاکہ یہ مختلف نسلوں کے خدمت گزار گروپوں کے لیے سروس یونٹس کی غرض سے حوالہ کا کام کر سکیں۔ اس میں مختلف نسلوں کے مختلف گروپوں کے ثقافتی افعال اور طریقے شامل ہوتے ہیں تاکہ موزوں ترجمانی اور ترجمہ کی خدمات، وغیرہ شامل ہوں۔ SWD نے

یاد رکھنے کے نکات، پروٹوکولز اور انگریزی متن کا اختصاری ورژن سروس یونٹوں کو فراہم کر دیا ہے تاکہ کاؤنٹر پر موجود عملہ اور ان ٹیک ورکر ان سے رجوع کر کے مختلف نسلوں کے افراد کی طرف سے موصول ہونے والی ڈراپ ان / ٹیلیفونک استفسارات کو نپٹا سکیں۔

"نسلی اقلیتوں کے لیے معاونت اور ترجمانی کی خدمات" کے حوالے سے نوٹس

- مختلف نسلوں کے افراد کو فلاحی امداد کے ساتھ ٹیلی فون کی ترجمانی کی خدمات حاصل کرنے کے لیے ان کے ذرائع کے بارے میں معلومات میں اضافہ کرنے کے لیے، SWD سروس یونٹس نے استقبالیہ علاقوں میں "نسلی اقلیتوں کے لیے معاونت اور ترجمانی کی خدمات" کے حوالے سے ایک نوٹس شائع کیا ہے، جس کا مختلف نسلوں کی زبانوں میں ترجمہ کر دیا گیا ہے۔

- مزید یہ کہ، مختلف نسلوں کے افراد کو مذکورہ نوٹس کی ایک نقل فراہم کی جائے گی جب وہ استفسارات / خدمات کے لیے ادھر کا رخ کریں گے۔ یہ معلومات SWD کے ہوم پیج پر بھی دستیاب ہیں۔

ہر ضلع میں فرد کی نامزدگی

- SWD نے ہر انتظامی ضلع میں ایک فرد کو نامزد کیا ہے تاکہ وہ ضلعی رفقاء کو مختلف نسلوں کے افراد کو فلاحی خدمات فراہم کرنے کے حوالے سے داخلی سطح پر معاونت فراہم کر سکے۔

فلاحی خدمات تک رسائی کے حوالے سے غیر امتیازی داخلہ پالیسی

- SWD کے تحت سروس یونٹس اور مالی اعانت پانے والی NGOs جن کی سروس پرفارمنس مانیٹرنگ سسٹم کے ذریعے نگرانی کی جاتی ہے نیز معاہدہ کی شرائط و ضوابط کے مطابق SWD کے ذریعے مانیٹر کیے جانے والے کانٹریکٹ سروس یونٹس کو یقینی بنانے کی ضرورت ہوتی ہے کہ سروس استعمال کنندگان کے پاس سروس میں داخل ہونے اور باہر نکلنے کے بارے میں واضح اور درست معلومات موجود ہوں، اور یہ کہ داخلہ پالیسی کو غیر امتیازی ہونا چاہیے۔

ذاتی ڈیٹا کی حفاظت

- SWD نے چینی اور انگریزی کے علاوہ مختلف نسلوں[2] کی آٹھ عمومی زبانوں میں ذاتی معلومات کی جمع آوری کی اسٹیٹمنٹ کا ترجمہ کیا ہے، تاکہ مختلف نسلوں کے افراد اس مقصد سے آگہی پا سکیں کہ SWD کا عملہ ان کے ذاتی ڈیٹا کی جمع آوری کس غرض سے کرتا ہے جب وہ خدمات / معاونت سے متعلق استفسار کرتے ہیں، اور مزید یہ کہ انہیں علم ہو پائے کہ ان کے پاس ڈیٹا تک رسائی کا حق ہے اور وہ پرسنل ڈیٹا (پرائیویسی) آرڈیننس کے تحت اپنے ذاتی ڈیٹا میں درستی کروا سکتے ہیں۔

ایسی خدمات جو کہ بالخصوص مختلف نسلوں کے افراد کی ضروریات کی تکمیل کے پیش نظر تشکیل دی گئی ہیں

- نسلی اقلیتوں کے لیے آؤٹ ریچنگ ٹیم فعال طور پر مختلف نسلوں کے افراد تک پہنچتی ہے اور ضرورت مندوں کو مرکزی دھارے کی فلاحی خدمات سے منسلک کرتی ہے۔

- گھریلو تشدد اور جنسی بدسلوکی کے بارے میں مختلف نسلوں کے افراد میں بیداری پیدا کرنا اور متاثرین کو مدد حاصل کرنے کی ترغیب دینے کے لیے کمیونٹی ایجوکیشن پروگرامز ترتیب دینا۔

- خصوصی بچوں کے نگہداشتی مراکز اور ابتدائی تعلیم اور تربیتی مراکز کے لیے سبسڈی کی فراہمی جو کہ اسکول کی تعلیم کے آغاز سے قبل خصوصی ضروریات کے حامل نسلی اقلیت کے بچوں کو داخل کرتے ہیں تاکہ ان کے بچوں کی تربیت، ان کے والدین / نگہداشت کنندگان کے ساتھ بات چیت اور/یا ان خاندانوں کو سماجی مدد کی فراہمی میں سہولت فراہم کرنے کے حوالے سے بہتر تعاون فراہم کیا جا سکے۔

- پانچ والدین/رشتہ داروں کے وسائل کے مراکز میں مختلف نسلوں کے افراد کے خصوصی یونٹس قائم کرنا جن میں مختلف نسلوں کی زیادہ آبادی والے اضلاع میں واقع معذور افراد ہوں تاکہ معذوری کے حامل مختلف نسلوں کے افراد کے لیے کمیونٹی کی معاونت کو توانا کیا جا سکے۔

[2] مختلف نسلوں کی آٹھ عمومی زبانوں میں بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، تگالوگ، تھائی، اردو اور ویت نامی شامل ہیں۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

<u>مختلف نسلوں کی زبانوں میں خدماتی کتابچے</u>

- SWD باقاعدگی سے عملے اور سروس صارفین سے خدماتی کتابچوں کے حوالے سے فیڈ بیک وصول کرنا جاری رکھے گا۔

<u>SWD کا ہوم پیج</u>

- SWD عملے اور سروس کے صارفین سے باقاعدگی کے ساتھ SWD کے ہوم پیج پر فیڈ بیک کی وصولی جاری رکھے گا۔

<u>فلاحی خدمات تک رسائی کے حوالے سے غیر امتیازی داخلہ پالیسی</u>

- SWD اور مالی اعانت پانے والے این جی او سروس یونٹس کے ساتھ ساتھ کانٹریکٹ سروس یونٹس انٹرنل اور ایکسٹرنل جانچوں سے گزرنا جاری رکھیں گے تاکہ غیر امتیازی داخلہ پالیسی سے اپنی پاسداری کو پرکھ پائیں جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔

<u>نسلی مساوات کی ترویج کے لیے اشارہ (اشارے)</u>

- SWD نسلی مساوات کی ترویج جاری رکھے گا اور اس کے ذرائع میں سے ایک قائم شدہ انڈیکیٹر(ز) کے حصول کی شرح(شرحیں) اور اس کے موثر ہونے کا جائزہ لینا ہے۔

اضافی اقدامات جو کے لیے جانے ہیں

- SWD جاری رکھے گا –

  - کلیدی فلاحی خدمات کا احاطہ کرنے کے لیے مزید خدماتی کتابچوں کا ترجمہ کرنا اور مناسب طور پر انہیں SWD کے ہوم پیج پر اپلوڈ کرنا؛
  - مختلف نسلوں کے افراد کی زبانوں میں سروس کی معلومات اور کتابچوں کو اپڈیٹ کریں جیسا اور جب ایسا کرنا ضروری ہو؛ اور
  - مختلف نسلوں کی زبانوں میں نئے خدماتی کتابچوں کو تیار کرنا اور انہیں SWD کے ہوم پیج پر اپلوڈ کرنا جیسا اور جب ایسا کرنا ضروری ہو۔

<u>وہ خدمات جو بالخصوص مختلف نسلوں کے افراد کے لیے تشکیل دی گئی ہیں</u>

- SWD بالخصوص مختلف نسلوں کے افراد کی ضروریات کی تکمیل کے لیے خدمات کی فراہمی جاری رکھے گا، مثلاً، EM ڈسٹرکٹ ایمبسیڈر کے حوالے سے پائلٹ سکیم۔

B. ایس ڈبلیو ڈی (SWD)، این جی اوز (NGOs) اور کانٹریکٹ سروس یونٹس کے عملے کی تربیت

متعلقہ خدمات

- SWD / NGOs / کانٹریکٹ سروس یونٹ کے عملے کی اب تک کی آگہی، فہم اور حساسیت میں اضافے کرنا جہاں تک کہ نسلی مساوات کا معاملہ ہے۔

موجودہ اقدامات

- SWD جاری رکھے گا –

- نسلی امتیاز کے آرڈیننس (RDO) اور SWD کے عملے کے لیے متعلقہ رہنما خطوط کے حوالے سے تربیت کا انتظام کرنا؛

- متعلقہ رہنما خطوط کو SWD کے انٹرانیٹ پر SWD عملے کے حوالے کے لیے اور تربیتی مواد کو ای-لرننگ سنٹر پر SWD کے عملے اور NGOs کی آسان رسائی کے لیے اپلوڈ کرنا؛

- مختلف نسلوں کے افراد کی ثقافت، طرز زندگی اور خدمات کی ضروریات کے بارے میں ان کے علم اور حساسیت میں اضافے کے لیے SWD، NGOs اور کانٹریکٹ سروس یونٹس کے عملے کے لیے تربیتی پروگراموں کا انعقاد کرنا؛ اور

- SWD کے عملے کی حوصلہ افزائی کرنا کہ وہ RDO اور متعقلہ رہنما ہدایات، نسلی حساسیت اور ثقافتی تنوع کے حوالے سے تربیتی کورسز شریک ہوں جن کا انعقاد سروس ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ انسٹی ٹیوٹ، ایکوئل اوپرچیونٹیز کمیشن یا متعلقہ ادارے کرتے ہیں۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- SWD جاری رکھے گا –

- سالانہ بنیاد پر منعقد کی جانے والی متعلقہ تربیتی سرگرمیوں، اور شرکاء کی تعداد کے ساتھ گریڈ/رینک کے ڈیٹا کی جمع آوری اور تجزیہ کرنا؛

- منعقد شدہ تربیتی سرگرمیوں کے حوالے سے شرکاء سے فیڈ بیک کی جمع آوری کرنا؛ اور

- عملے سے تجاویز کی طلبی کرنا کہ کون سے پروگراموں کی پیشکش کی جا سکتی ہے۔

عوامی استفسارات

نسلی مساوات کی ترویج کے موجودہ اور منصوبہ جاتی اقدامات سے متعلقہ استفسارات کے لیے، براہ مہربانی درج ذیل چینلز کے ذریعے آفیسرز سے رابطہ کریں،

1) محترمہ Carol SHEK، سوشل ورک آفیسر (کارپوریٹ-کو-آرڈینیشن) کارپوریٹ پلاننگ اور کو-آرڈینیشن سیکشن

ٹیلیفون نمبر	:	2152 9305
فیکس نمبر	:	2116 9070
ای میل	:	cpcsenq@swd.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	8/F, Wu Chung House, 213 Queen's Road East, Wan Chai, Hong Kong

2) محترمہ Cathy TANG، سوشل ورک آفیسر (فیملی 6) فیملی سروسز سیکشن

ٹیلیفون نمبر	:	2892 5179
فیکس نمبر	:	2833 5840
ای میل	:	fcwenq@swd.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	8/F, Wu Chung House, 213 Queen's Road East, Wan Chai, Hong Kong

محکمہ برائے سماجی بہبود
جولائی 2022